جدید علم العروض

از

پروفیسر عبد المجید ام۔ اے

LIBRA
www.paknovels.com
ALIGARH.
MUSLIM

پبلشر

لالہ رام نرائن لال بکسیلر

الہ آباد

۱۹۳۹ء

قیمت عمر

www.paknovels.com

M.A.LIBRARY, A.M.U.

U33179

www.paknovels.com

۲۳۱۲۶
ALIGARH
رام بابو سکسینہ
21 SEP 1963
CHECKED-2002

تعارف

فن عروض، پٹنہ اور ہندوستان کی دوسری یونیورسٹیوں میں، بی۔ اے اور ایم۔ اے کے فارسی، عربی، اور اردو کے نصابوں میں داخل ہے۔ اگرچہ اس فن پر ہر زبان میں بہتیری کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ مگر اب تک کوئی ایسی کتاب میری نظر سے نہیں گذری جو یونیورسٹی کے مشغول و مصروف طلبہ کے امتحان کی ضرورتوں کو ملحوظ رکھکر لکھی گئی ہو۔ چونکہ مدت سے پٹنہ یونیورسٹی میں اس فن کا پڑھانا میرے ہی متعلق ہے۔ میں نے محسوس کیا کہ طلبہ کے لئے ایک ایسی مختصر اور جامع کتاب کی ضرورت ہے جس میں طالب علموں کو ایسے سوالات کے حل کرنے کا مواد مل جائے جو اکثر یونیورسٹی کے ممتحنین پوچھا کرتے ہیں۔ اس امر کو ملحوظ رکھتے ہوئے میں نے یہ مختصر رسالہ فن عروض پر لکھا اور اپنے خیال کے مطابق اُن باتوں میں سہولت پیدا کر دی جن کا یاد رکھنا لڑکوں کے لئے دشوار تھا۔

اس فن کی دشواریوں کو اکثر اساتذہ اور مصنفین فن نے محسوس کیا ہے اور کچھ عرصہ سے اس طرف توجہ بھی کی ہے کہ اس دشوار فن میں آسانیاں پیدا کریں لیکن یہ کوشش سرسری اور غیر اصولی طریقہ پر ہوئی ہے اور صرف اسی قدر کیا گیا ہے کہ بعض غیر مستعمل بحریں چھوڑ دی گئیں

www.paknovels.com

یا صرف کثیر الاستعمال زحافات کا ذکر ہوا۔ غرض تسہیل فن میں کوئی اصولی کوشش نہیں کی گئی۔ میں نے اس کتاب میں یہ کوشش کی ہے کہ فن عروض کو ایک اصول کے ماتحت مختصر اور سہل بنایا جائے۔ ساتھ ہی اس کا بھی لحاظ رکھا ہے کہ فن عروض کے اجزا بحور و زحافات وغیرہ سب باقی رہیں۔

عروض کی اس جدید تشکیل کا اصول یہ رکھا ہے کہ مختلف چیزیں جو کسی ایک عام قاعدہ کے تحت آسکتی ہیں۔ انہیں اُس قاعدہ کے ماتحت لاکر سہولت اور اختصار پیدا کیا جائے۔ آپ دیکھینگے کہ بحریں افاعیل سے بنتی ہیں اور افاعیل صرف آٹھ ہیں۔ اس لئے اصلی بحریں صرف آٹھ ہی ہونی چاہئیں۔ نہ کہ انیس ۱۹، مفرد بحریں درحقیقت سات ہی ہیں، بقیہ بارہ ۱۲ بحریں ان ہی سات بحروں سے مرکب ہوتی ہیں۔ اس لئے میں نے سات بحریں مفرد اور اصلی قرار دیں اور بارہ ۱۲ بحریں انہی کے تحت میں لاکر مرکب قرار دیں۔ چنانچہ طالب علم کو اب بجائے انیس بحروں کے صرف آٹھ بحروں کے نام اور اُن کے ارکان یاد کرنے پڑینگے۔ مرکب بحروں کے نام اور ارکان اُنھیں سے یاد ہو جائینگے۔

اسی طرح کثیر التعداد زحافات ایسے ہیں جنکا عمل ایک ہی ہے مثلاً کسی متحرک حرف کو ساکن کرنا۔ اب یہ عمل اگر مفعولات میں ہوتا ہے تو اس کا نام "وقف" ہے اور متفاعلن میں ہوتا ہے تو اِس کا نام

www.paknovels.com

"اضمار" اور مفاعلتن میں ہوتا ہے تو اس کا نام "عقب" ہے۔ میں نے اِن تینوں مختلف ناموں کے بجائے ایک کام کے لئے ایک ہی نام قرار دیا یعنی "اسکان"، اس طرح مفرد زحافات جو ستائیس تھے پندرہ رہ گئے اور مرکب زحافات جو سولہ تھے وہ مفرد زحافات میں شامل ہو گئے۔ جیسے "خرب" جو "کف" "و خرم" سے مرکب ہے۔ اب جس بحر پر یہ عمل کریگا اُس کو، بجائے "اخرب" کہنے کے "مکفوف اخرم" کہینگے۔ "اور کف و خرم" مفرد زحاف ہیں معلوم ہو ہی چکے ہیں۔ اس لئے "خرب" فہرست زحافات سے خارج ہو گیا۔ اِسی طرح دوسرے مرکب زحافات بھی نکل گئے۔ غرض زحافات کی مجموعی تعداد جو تینتالیس تھی اب صرف پندرہ رہ گئی۔

اِس صورت میں ہر اوسط درجہ کا طالب علم اِس فن کو حافظہ پر غیر ضروری بار ڈالے بغیر چند دنوں میں حاصل کر سکتا ہے، ممکن ہے کہ میری کوشش میں بعض خامیاں یا فروگذاشتیں ہوں لیکن اگر اربابِ فن میرے اصول سے اتفاق کریں تو مزید اصلاح اور ترمیم ہو سکتی ہے۔ میں تمام اہلِ فن سے متوقع ہوں کہ اس ناچیز کوشش پر نظر توجّہ ڈالیں گے۔ اور اپنے خیالات سے مجھے سرفراز فرمائینگے۔

عام خیال ہے کہ یہ زمانہ ایسی تحریر و تقریر کا ہے، جس میں کاروباری زندگی سادی اور مختصر ہو۔ اب ایسی تحریریں جن میں صنائع و بدائع سے کام لیا گیا ہو، بے وقت کی شہنائی سمجھی جاتی ہے۔ لیکن غور کیا جائے

www.paknovels.com

تو اس عہد جمہوریت و اشتراکیت میں اگر ایک طرف شعر و شاعری کی ضرورت کم ہو گئی ہے تو دوسری طرف زورِ بیان اور خطابت کی ضرورت بڑھ گئی ہے۔ اس لئے اگر ہم یہ کہیں کہ اس دور میں علم معانی و بیان کو زیادہ عروج ہونا چاہئے تو کچھ غلط نہ ہوگا۔ یہ ضرور ہے کہ بعض دور از کار اور فرسودہ لفظی صنعتیں جن کا دار و مدار محض لفظوں کے اُلٹ پھیر پر ہے اور جن سے نہ کلام کی بندش میں چُستی پیدا ہوتی ہے اور نہ معنوی خوبی آتی ہے، غیر ضروری ہو گئی ہیں۔ لیکن ادب قدیم کے طلبہ اور شائقین کو ہر قسم کی صنعتوں سے دو چار ہونا پڑتا ہے اور کم از کم اُن کی واقفیت کے لئے تمام صنائع و بدائع کا بیان اِس فن کی کتاب میں ضروری ہے۔

یوں تو اِس فن میں بہت سی کتابیں موجود ہیں۔ لیکن اکثر کا طرز بیان صاف اور سُلجھا ہوا نہیں ہے اور مثالیں بھی نہایت فرسودہ اور دقیانوسی ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی ایسی کتاب نہیں ہے۔ جس سے عربی، فارسی، اور اُردو تینوں زبانوں کے طلبہ یکساں طور پر مستفید ہو سکیں۔ اِن باتوں کا لحاظ کر کے میں نے یہ رسالہ فن بیان اور بدائع میں ترتیب دیا ہے، اور اس کی کوشش کی ہے کہ تعریفات سہل اور جامع ہوں اور مثالیں ایسی ہوں جو مذاق سلیم کو پسند آئیں۔ اور حافظہ میں آسانی سے محفوظ رہیں۔ اُمید ہے کہ یہ رسالہ اہلِ ذوق کے لئے عموماً اور طلبہ کے لئے خصوصاً دلچسپ اور کار آمد ثابت ہوگا۔

www.paknovels.com

میں اپنے احباب یعنی ڈاکٹر ابونصر محمد علی حسن صدر شعبۂ عربی اور پروفیسر عبدالمنان صاحب بیدؔل صدر شعبۂ فارسی اور پروفیسر حافظ شمس الدین احمد صاحب صدر شعبہ اردو، پٹنہ کالج و پٹنہ یونیورسٹی کا جس قدر شکریہ ادا کروں کم ہے کہ ان لوگوں نے اتنا نے تالیف و ترتیب میں اپنے زرّیں و مفید مشوروں سے ہماری ہمّت افزائی کی ہے۔

عبدالمجید
پروفیسر پٹنہ کالج

www.paknovels.com

www.paknovels.com

فہرست مضامین

مضمون — صفحہ

اشاریہ

مفرد سالم بحریں

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

(۱) ہزج مثمن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۵
(۲) رجز مثمن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۶
(۳) کامل مثمن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۸
(۴) متقارب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۹

(ب) قلیل الاستعمال بحریں

(۱) بحر متدارک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۰
(۲) بحر وافر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۱
(۳) بحر رمل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۲۲

۲۔ مرکب سالم بحریں

یہ سب بحریں نادر الاستعمال ہیں

(۱) رجز مرکّب ۲۳

www.paknovels.com

مضمون | صفحہ

(۲) ہزج رمل۔ یا رمل ہزج ۲۳
(۳) رمل رجز یا رجز رمل ۲۴
(۴) رجز متدارک ۲۴
(۵) متقارب ہزج ۲۴
(۶) رمل متدارک ۲۵

۳۔ مفرد مزاحف بحریں

نمبر ا۔ بحر ہزج مزاحف

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

(۱) ہزج مسدّس محذوف ۳۱
(۲) ہزج مثمن اخرم۔ مکفوف۔ محذوف ۳۲
(۳) ہزج مثمن اخرم۔ مکفوف۔ ۳۳
(۴) ہزج مسدّس اخرم۔ مکفوف۔ مقبوض۔ محذوف ۳۳
(۵) ہزج مسدّس مقطوع ۳۴

(ب) قلیل الاستعمال بحریں

(۱) ہزج مسدّس اخرم۔ مقبوض۔ محذوف ۳۴
(۲) ہزج مسدس اخرم۔ مقبوض۔ مقطوع ۳۵
(۳) ہزج مثمن مکفوف۔ اخرم ۳۵

www.paknovels.com

مضمون	صفحہ
(۴) ہزج مثمن مقبوض۔ اخرم	۳۶
(۵) ہزج مثمن مقبوض	۳۶
(۶) ہزج مثمن محذوف۔ مقبوض	۳۶
(۷) ہزج مثمن مکفوف محذوف	۳۷

نمبر۲۔ رجز مزاحف

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

(۱) رجز مثمن مطوی۔ مخبون	۳۷
(۲) رجز مثمن مخبون۔ مقطوع	۳۸
(۳) رجز مثمن مسبغ	۳۹

(ب) نادر الاستعمال بحریں

رجز مطوی	۳۹

نمبر۳۔ بحر کامل مزاحف

(ب) نادر الاستعمال بحریں

(۱) کامل مثمن مسکن	۴۰
(۲) کامل مضمر۔ مسکن۔ مسبغ	۴۰
(۳) کامل مقطوع مخبون	۴۱

www.paknovels.com

مضمون | صفحہ

نمبر۴۔ بحر متقارب مزاحف

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

(۱) متقارب مثمن محذوف ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۲
(۲) متقارب مثمن مقطوع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۲
(۳) متقارب مثمن مقبوض اخرم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۳
(۴) متقارب مثمن مقبوض ۔ اخرم ۔ محذوف مقطوع ۔ ۔ ۔ ۴۴
(سولہ رکنی)
(۵) متقارب مقبوض اخرم ۔ محذوف (سولہ رکنی) ۴۴

(ب) قلیل الاستعمال بحریں

(۱) متقارب مثمن اخرم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۴
(۲) متقارب مثمن اخرم مقبوض ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (سولہ رکنی) ۴۵

نمبر۵ بحر متدارک مزاحف

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

(۱) متدارک مثمن مخبون ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۵
(۲) متدارک مقطوع ۔ محذوف ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (سولہ رکنی) ۴۶

(ب) قلیل الاستعمال بحریں

www.paknovels.com

مضمون | صفحہ

(۱) متدارک مثمن مقطوع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۷
(۲) متدارک مخبون مقطوع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۷

نمبر۶ بحر رمل مزاحف

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

(۱) رمل مثمن مقطوع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۸
(۲) رمل مثمن محذوف ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۹
(۳) رمل مثمن مخبون ۔ محذوف مقطوع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۴۹
(۴) رمل مثمن مخبون ۔ محذوف ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۰
(۵) رمل مثمن مخبون ۔ مکفوف ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۰
(۶) رمل مثمن مخبون مشعث ۔ مقطوع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۱
(۷) رمل مثمن مخبون ۔ مقطوع ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۱

(ب) قلیل الاستعمال بحریں

(۱) رمل مثمن مخبون ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۵۲

نمبر۷ مرکّب مزاحف بحریں

(۱) رجز مرکب

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

www.paknovels.com

مضمون	صفحہ
(۱) رجز مرکب مسدّس۔ مطوی۔ مُسکن	۵۳
(۲) رجز مرکب مطوی۔ مکفوف	۵۴
(۳) رجز مرکب مثمن۔ مقطوع	۵۴
(۴) رجز مرکب مسدس۔ مطوی۔ مقطوع۔ مجدوع	۵۵
(ب) قلیل الاستعمال بحریں	
(۱) رجز مرکب مثمن۔ مطوی۔ مُسکن	۵۵
(۲) رجز مرکب مثمن۔ مطوی۔ مکفوف	۵۵
(۳) رجز مرکب مثمن۔ مطوی۔ منحور	۵۶

(۲) رمل ہزج یا ہزج رمل مزاحف

(الف) کثیر الاستعمال بحریں۔	
(۱) رمل ہزج یا ہزج رمل مثمن مکفوف۔ اخرم	۵۷
(۲) رمل ہزج یا ہزج رمل مثمن اخرم۔ مبیغ	۵۸
(۳) ″ ″ ″ اخرم۔ مکفوف۔ محذوف	۵۸
(ب) قلیل الاستعمال بحریں	
(۱) رمل ہزج یا ہزج رمل مثمن مکفوف۔ مقطوع	۵۹
(۲) ″ ″ ″ مسدّس مکفوف	۵۹

(۳) رمل رجز یا رجز رمل مزاحف

www.paknovels.com

مضمون — صفحہ

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

(۱) رمل رجز یا رجز رمل مثمن و مسدّس مخبون۔ محذوف . . ۵۹

(۲) رمل رجز یا رجز رمل۔ مثمن مخبون۔ محذوف۔ مقطوع . . ۶۱

(۳) رمل رجز یا رجز رمل۔ مثمن و مسدّس مخبون۔ مقطوع۔ مقبوض ۶۲

(۴) رمل رجز یا رجز رمل مسدّس مخبون۔ مقطوع۔ محذوف . . . ۶۳

(ب) قلیل الاستعمال بحریں

(۱) رجز رمل یا رمل رجز مثمن و مسدّس مخبون مقبوض ۶۳

(۲) 〃 〃 مسدّس مخبون مشعث ۶۴

(۴) رجز متدارک مزاحف

(الف) قلیل الاستعمال بحریں

(۱) رجز متدارک مثمن مخبون ۶۵

۵۔ متقارب ہزج مزاحف

نادر الاستعمال بحر

(۱) متقارب ہزج۔ مثمن مقبوض ۶۶

(۶) رمل متدارک مزاحف

نادر الاستعمال بحر

رمل متدارک۔ مثمن۔ مخبون۔ ۶۶

مشق . . . . ۶۷ تا ۹۹

www.paknovels.com

صفحہ

۵
۱۴
۱۷
۱۸
۱۸
۱۹
۱۹
۲۱
۲۲
۲۳
۲۳
۲۴

www.paknovels.com

جدید علم العروض

غلط نامہ

سطر	غلط	صحیح
۱	ولہٗ	وَلَہٗ
۱۲	رمل - رجز	رجز - رمل
۷	فاجزلتم	فَاَجْزَلتم
۷	انُ تلمہ	اِن تَلْقَہٗ
۹	اَوَ	اَوْ
۶	نقسک	نفسک
۶	وقتنہا	وَقَتَلْتَہَا
۹	وابکین	وَاَبْکِیْنَ
۵	اذا الملت	اذا کَمَلَتْ
فٹ نوٹ	ع۱ کا پہلا نام	اس کا پہلا نام
فٹ نوٹ	ع۲ و ع۳ و ع۴ و ع۵ و ع۶ "کا"	"کا" غلط ہے اس کو قلم زد کر دیجیے
فٹ نوٹ	از ع۸ تا ع۱۱ "کا"	"کا" غلط ہے اس کو قلم زد کر دیجیے

www.paknovels.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۰	۲	فَعِلَان - مشعث مقطوع	فَعِلَان - مخبون - مقطوع
۳۰	۴	فَعْ محذوف - مقطوع - اخرم	فَعْ محذوف - اخرم (مقطوع کا لفظ زائد ہے)
۳۰	۷	مُتَفْعِلُنْ	مُتْفَعِلُنْ
۳۱	۲	فُعُول اخرم - مسکن - محذوف	مفعول اخرم - مسکن مکفوف
۳۱	۵	مفعولات مسکن	اس کو قلم زد کر دیجئے
۳۲	۸	وبیمري وهوصادي	وَيَرْوِى وهوصادي
۳۴	۷	زدودی	زدودی فعولن
۳۷	۵	ہنگام جوانی	بہ ہنگام جوانی
۳۸	۱۴	فی ملکه شاني	في ملكه شاني
۳۸	۱۵	قلبی اذا نیادی	قلبی اذا یَنادی
۴۰	۱۳	کامل - مضمر - مسکن - مستبغ	کامل - مسکن - مسبغ (مضمر کو حذف کر دیں)
۴۲	۹	من الشعرا	من الشعر
۴۲	۱۰	قررو ا	قَدْ رَوُوْا
۴۶	۱۰	تلغي	تلفي
۴۶	۱۱	متدارک مقطوع - محذوف	متدارک مقطوع - اصلم
۴۷	۸	احرام	أَحْرَمُ

www.paknovels.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۷	فوٹ نوٹ تیسری سطر	اس لئے یہ ہزج مسدس اخرم محذوف یا	اس لئے یہ ہزج مسدس مقطوع۔ اصلم
۴۸	۱۴	ع۱ مابکا ع۲ حبي	ع۱ مالکا ع۲ حبسی
۵۱	۹	رمل مثمن مخبون مشعث مقطوع	مشعث کا لفظ زائد ہے۔ اسکو قلم زد کر دیجئے
۵۲	۴	وپیمانہ زوند	وبہ پیمانہ زوند
۵۲	۱۴	اے سرو پر یروے	اے سرو پری روئے سمن بر "سمن بر" صحیح چھوٹ گیا
۵۲	۱۵	وگلزار بہشت وطرف	وگلزار بہشت ست وہلال وطرف
۵۶	۱۵و۱۶	(الف) کثیر الاستعمال بحریں (۳) رمل۔ رجز۔ یا رجز۔ رمل مزاحف	(۳) رجز۔ رمل۔ یا رمل۔ رجز مزاحف (الف) کثیر الاستعمال بحریں (ترتیب غلط ہے)
۶۱	۴	علیِ حَملِہٖ	علی جَملِہٖ
۶۲	۲	بیھوی	بِیَھَوِیْ
۶۲	۳	مثمن ومسدس۔ مخبون مقطوع مقبوض	"مقبوض" کا لفظ غلط ہے اسکو قلم زد کر دیجئے
۶۳	۱۳	قد سمعنا وقولہ لعلہ افک	قد سمعنا ما قالہ وھو افک
۶۳	۱۵	ومسدس مخبون مقبوض	"مقبوض" کا لفظ غلط ہے قلم زد کر دیجئے
۶۵	۳	وقد خفہ	وَقَدْ خُفّہ

www.paknovels.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۶۵	۱۲	فی الارض من جیف القتلی	فی الارض من جثث القتلی
۶۵	۱۴	ترقی بمقلۃ الاسر	تلد هی مقلۃ الاسد
۶۷	۱۴	نہ ہُوں کیجیے	نہ ہُوں کیجیے نہ ہاں کیجیے
۷۰	۴ سطر کے نیچے	مفعول مفاعیل۔ مفعولن۔	مفعول۔ مفاعیلن دو بار
۷۱	۷	سقاها الله غیثنا	سقاها الله غیثنا
		مفاعلن مفاعیلن	عفاعیلن۔ مفاعلن
۷۱	۸ سطر کے نیچے	مفاعیلن۔ فعولن	مفاعلن۔ مفاعیلن
			فاعلن۔ مفاعیلن
۷۱	۹	کُفِی	رُقِی
۷۴	۹	من اَنفُسِ	من اَنقُسِ
۷۵	۹	فی اکتیاب وانتخاب	فی اکتاب وانتخاب
۷۶	۷ سطر کے نیچے	فاعلاتن فعلاتن۔ فعلن فعلاتن	زائد ہے اس کو قلم زد کر دیجیے
۷۸	۸ سطر کے نیچے	فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن فعلن	فاعلاتن۔ فعلاتن۔ فعلاتن۔ فعلن
۷۸	۱۰ سطر کے نیچے	〃 〃 〃 〃	〃 〃 〃 〃
۷۸	۱۲ سطر کے نیچے	〃 〃 〃 〃	〃 〃 〃 〃

www.paknovels.com

ہوالمعین

علم عروض

اِس علم کا موجد خلیل بن احمد بتایا جاتا ہے، وجہ تسمیہ اس کی یہ ہے کہ اِس علم کے ایجاد کرنے کے وقت وہ مکہ معظمہ میں تھا اور چونکہ عروض خانہ کعبہ کا ایک نام ہے۔ اِسلئے یمناً و تبرکاً اس علم کو اُس نے کعبہ معظمہ کے نام سے موسوم کیا۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اِس (علم) فن کو عروض اس لئے کہتے ہیں کہ شعر کو اس پر عرض کرتے ہیں یعنی شعر کو اس سے جانچتے ہیں تاکہ موزوں اور غیر موزوں میں فرق معلوم ہو۔ اصطلاح میں عروض اُس علم کو کہتے ہیں جس میں اشعار کے اوزان اور اُن میں جو تبدیلیاں واقع ہوں۔ اُن سے بحث کی جائے۔

شعر۔ شعر کے لغوی معنی دریافت کرنے اور جاننے کے ہیں۔ اصطلاح میں اُس کلامِ موزوں کو شعر کہتے ہیں جو متکلم سے قصداً صادر ہو۔

وزن۔ وزن کے لغوی معنی تولنے کے ہیں اصطلاح میں دو کلموں کے حرکت اور سکون میں برابر ہونے کو وزن کہتے ہیں۔ حرکتوں کا یکساں

www.paknovels.com

ہونا ضروری نہیں ہے۔ جیسے۔ مکارم۔ پرپوش۔ حکایت۔ مصادر۔ سخنہا کا ایک ہی وزن یعنی فعولن ہے۔

موزوں۔ موزوں اُس کلام کو کہتے ہیں جو اوزان عروض میں سے کسی کے وزن پر ہو۔ اس لئے موزوں کلام کے لئے کسی وزن کا ہونا ضروری ہے۔

رُکن۔ اشعار کو وزن کرنے کے لئے چند الفاظ مقرر ہیں اُن کو ارکان کہتے ہیں۔ اُنھیں سے بحریں مرکب ہوتی ہیں۔ ارکان تعداد میں آٹھ ہیں۔ فعُولُن۔ فاعِلُن۔ مُفاعِیلُن۔ مُستَفعِلُن۔ مُفاعِلَتُن۔ مُتَفاعِلُن۔ فَاعِلاتُن۔ مَفعُولاتُ۔ ارکان کو اصول اوزان۔ تفاعیل۔ افاعیل۔ اور اوزان عروض کہتے ہیں۔

تقطیع۔ تقطیع کے لغوی معنی ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے ہیں۔ اصطلاح میں شعر کے ٹکڑے، کرکے ارکان بحر کے مطابق کرنے کو کہتے ہیں یعنی متحرک کے مقابل میں متحرک اور ساکن کے مقابلے میں ساکن اجزا و حروف رکھے جاتے ہیں۔ تقطیع میں حروف ملفوظ کی تعداد اور حرکات اور سکون کا اعتبار کرتے ہیں۔ حروف اور حرکات، کی مطابقت ضروری نہیں ہے جیسے طوطی فِعلُن کے وزن پر ہے اور چُرانا فعولُن کے وزن پر ہے۔ اور ذہنیت کا وزن فَعِلُن۔

نوٹ۔ اہلِ عروض نے حروف "ف" "ع" "ل" سے الفاظ پنج حرفی و ہفت حرفی مشتق کرکے آٹھ ارکان قائم کئے ہیں۔ ان میں دو یعنی فعولن اور فاعلن پنج حرفی ہیں بقیہ ہفت حرفی۔

www.paknovels.com

زحاف۔ زحاف کے لغوی معنی گرنے کے ہیں۔ اصطلاح میں "اُن تغیرات کو زحاف کہتے ہیں جو ارکان شعر میں واقع ہوتے ہیں" مثلاً کسی حرکت کا گرا دینا یا کسی حرف کا حذف کر دینا یا کسی حرف کا بڑھا دینا جیسے فاعلاتُ سے فاعلات۔ فعولن سے فعول۔ مستفعلن سے مستفعلان جس رکن اور بحر میں زحاف ہوتا ہے اُس رکن اور بحر کو مزاحف کہتے ہیں۔

سالم۔ جس رکن اور بحر میں کوئی تغیر نہ ہو اُس کو 'سالم' کہتے ہیں۔

مثمن۔ جس شعر کے دونوں مصرعوں میں آٹھ رکن ہوں اُسکو 'مثمن' کہتے ہیں۔

مسدس۔ جس شعر کے دونوں مصرعوں میں چھ رکن ہوں اُس کو 'مسدس' کہتے ہیں۔

مربع۔ جس شعر کے دونوں مصرعوں میں چار رکن ہوں اُس کو مربع کہتے ہیں۔

قواعد تقطیع

۱۔ بعض حالتوں میں ایک حرف تقطیع میں دو حرف شمار ہوتا ہے جیسے آلف ممدودہ۔ آدم اور آدمی میں واؤ۔ داؤد و طاؤس میں، حروف مشدد جیسے مہذّب کی ذال اور خرّم کی رے۔ اضافت کا کسرہ جو کھینچکر پڑھا جائے۔ جیسے 'موسم' کا کسرہ۔ "امروز کہ موسم جوانی من ست" میں اور 'زیر' کا کسرہ اِس شعر میں:-

www.paknovels.com

۵ میرے دل میں جو حسرت ہے نکالوں میں کہاں اُسکو
نہ وہ زیرِ فلک نکلے نہ وہ زیرِ زمیں نکلے

۲۔ ہائے مختفی۔ جو کلمہ کے آخر میں آئے۔ جیسے۔ چہ۔ چگونہ۔ وہ۔ کہ وغیرہ میں تقطیع کے وقت ساقط ہو جاتی ہے۔ گریہ۔ خندہ۔ بستہ وغیرہ میں کبھی۔ ہ۔ ساقط ہو جاتی ہے کبھی ایک حرف سمجھی جاتی ہے۔ مثال

فارسی (۱) کشتۂ لعلِ لبِ جانانہ ام
زآبِ حیوان پُر شدہ پیمانہ ام
(فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلن۔)

یہاں 'جانانہ' کی 'ہ' ساقط ہو گئی۔ 'شدہ' کی 'ہ' ایک حرف کے برابر ہے۔ واضح ہو کہ کشتۂ کی 'ہ' کسرۂ اضافت کی وجہ سے دو حرف کے برابر ہے (دیکھو قاعدہ ع۱)

(۲) خندہ چہ کنی بگریۂ من + (مفعول مفاعلن فعولن) 'خندہ' کی 'ہ' ایک حرف کے برابر ہے 'چہ' کی 'ہ' ساقط ہو گئی۔ اور 'گریہ' کی 'ہ' دو حرف کے برابر ہے۔

اُردو۔ نالۂ مرغِ سحر نے اُسے بیدار کیا
کہیں ڈر ہے کہ خفا مجھ سے وہ دلدار نہ ہو
(فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن)

'کہ' کی 'ہ' ساقط ہو گئی۔ اور 'نالہ' کی 'ہ' دو حرف کے برابر ہے۔

www.paknovels.com

عربی۔ (۱) 'ولہٗ' کی 'ہ' ایک حرف کے برابر اور 'لہٗ' کی 'ہ' دو حرف کے برابر ہے۔

۳۔ واوٴ غیر ملفوظ۔ خواب۔ خور۔ خوش۔ خورشید وغیرہ میں۔ تقطیع کے وقت گر جاتا ہے۔ اسی طرح واوٴ۔ تو۔ چو۔ میں اور واوٴ عطف جب ملفوظ نہ ہو تو گر جاتا ہے۔

مثال اُردو وہ ادا کی کہ قضا آ گئی خودداری کی،
وہ نظر کی کہ اثر کر گئی جادو کی طرح،
فِعلاتُن۔ فِعلاتُن فِعلاتُن۔ فِعلُن۔

یہاں خودداری کا واوٴ گر گیا۔

مثال فارسی۔ ہیچو تو کو در دو سرائے دیگرے "مُفتعِلُن مُفتعِلُن۔ فاعِلُن"
یہاں بھی واوٴ "ہیچو" اور "تو" میں ساقط ہو گیا۔

مثال عربی۔ وَمَا شَرُّ الثَّلٰثَةِ اُمَّ عَمْرٍو، بِصَاحِبِکِ الَّذِی لَا تَصْبَحِینَا
(عمرو بن کلثوم) یہاں عمرو کا واوٴ جو غیر ملفوظ ہے گر گیا۔

۴۔ الف وصل اگر ملفوظ نہ ہو تو تقطیع میں گر جائے گا۔ جیسے

مثال اُردو۔ خدا پرست ابھی بندے ہیں حُسن فطرت کے
سمجھ میں آئے نہ راز اس طلسم حیرت کے
(مفاعلن فَعلاتن مفاعلن فعلن) یہاں "اس" کا الف گر گیا۔

نوٹ۔ اے ام عمرو تیرا یار جس کو تو صبوحی نہیں پلاتی ہے وہ اُن تین شخصوں سے جن کو تو شراب پلا رہی ہے بدتر نہیں ہے۔

www.paknovels.com

مثال فارسی من از بیگانگاں ہرگز ننالم
که با من ہرچه کرد آں آشنا کرد
(مفاعیلن مفاعیلن فعولن) یہاں 'از' کا الف گر گیا۔

مثال عربی رَأیتُ صَبِیًّا عَلٰی قَبرِ یَجلِلُ المُدَبَّرَ وَا اَہلاً لاً
فَعَلتُ مَا اَسمَکَ فَعَالِ لو لو فَعَلتَ لی لی فَعَالُ لاَ لاَ

یہاں اسمک کا ہمزۂ وصل ساقط ہوگیا۔

۵۔ جب کسی مصرع کے وسط میں دو ساکن حروف جمع ہوں اور پہلا ساکن حرف 'مد' اور دوسرا ساکن حرف 'نون غنّہ' ہو تو نون کو تقطیع میں گرا دینگے۔ اور اگر نون نہ ہو تو اُس کو متحرک کر دینگے۔ جیسے۔

فارسی ز شوق لبش خوں ہمی خورد دل
دو تا گشتہ زلفش ہمی برد دل
(فعولن۔ فعولن۔ فعولن فعل)

اُردو جہاں دیکھا کسی کے ساتھ دیکھا
کبھی ہم نے تجھے تنہا نہ پایا
ذوق

یہاں خوں اور جہاں کا نون تقطیع میں ساقط ہوگیا۔ اور "خورد" اور "برد" کی دال متحرک ہوگئی۔

اُردو۔ پھرتا رہے ہے چار پہر مضطر آفتاب
روشن ہے یہ کہ محو ہوا تجھ پر آفتاب

(مفعول۔ فاعلات۔ مفاعیل فاعلات) اس شعر میں 'چار' کی 'ر' اور

www.paknovels.com

"آفتاب" کی 'ف' اور محو کا واؤ تقطیع میں متحرک ہو گئے۔

۶۔ اگر وسط مصرع میں تین ساکن حروف آ جائیں تو اوّل کو اپنی حالت پر چھوڑ دیتے ہیں اور دوسرے کو متحرک کر دیتے ہیں اور تیسرے کو گرا دیتے ہیں اور اگر آخر مصرع میں ہو تو پہلے اور دوسرے کو ساکن چھوڑ دیتے ہیں اور تیسرے کو گرا دیتے ہیں مثال۔

فارسی (۱) مرا درد لبست اندر دل اگر گویم زباں سوزد
وگر دم درکشم ترسم کہ مغزِ استخواں سوزد
(مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن)

(۲) آورد حرزِ جاں زخطِ مشک بارِ دوست
ایں پیک نامہ برکہ رسید از دیارِ دوست
(مفعول فاعلات مفاعیل فاعلات)

اردو۔ چپکے چپکے مجھ کو روتے دیکھ پاتا ہے اگر
ہنس کے کرتا ہے بیانِ شوخیٔ گفتارِ دوست

۷۔ اگر دو ساکن آخر مصرعے میں جمع ہوں تو دونوں اپنی حالت پر رہیں گے جیسے۔

کریم خطا بخش پوزش پذیر (فعولن فعولن فعولن فعول)

اجزائے بیت یا ارکان ثلثہ

شعر کا وزن ارکان سے مرکّب ہے اور ارکان اصول سے مرکّب ہیں

www.paknovels.com

اور اصول تین ہیں۔ سبب۔ وتد۔ فاصلہ۔

(۱) سبب دو حرفی کلمہ کو کہتے ہیں اور اس کی دو قسمیں ہیں۔

سببِ خفیف جس کا دوسرا حرف ساکن ہو جیسے۔ سر۔ در۔ ہم۔ ہے۔ اہم۔ کل اور فاعلن کا فا (ب) سببِ ثقیل جس کے دونوں حروف متحرک ہوں۔ جیسے۔ سِرِّ "سرمن" ہیں۔ ہمہ۔ اب۔ اخ۔ دم۔ تذ متفاعلن میں مُتَ۔

(۲) وتد۔ سہ حرفی کلمہ کو کہتے ہیں۔ اس کی بھی دو قسمیں ہیں۔

وتدِ مجموع جس کا تیسرا حرف ساکن ہو۔ جیسے۔ سخن۔ چمن۔ جبل۔ نعم۔ کرم۔ فعولن کا فعو۔

وتدِ مفروق جس کا دوسرا حرف ساکن ہو جیسے لالہ بالہ۔ راس۔ منذ فاعلاتن کا فاع۔

۳۔ فاصلہ۔ فاصلہ صغریٰ چار حرف کے کلمہ کو کہتے ہیں۔ اس کا چوتھا حرف ساکن ہوتا ہے۔ جیسے۔

صنما۔ علوی۔ سکنوا۔ ہجنی۔ متفاعلن کا متفا۔

فاصلہ کبریٰ اس پانچ حرف والے کلمہ کو کہتے ہیں جس کا صرف پانچواں حرف ساکن ہو۔ جیسے۔

شکنمش۔ قتلہم۔ مندرجہ بالا اقسام ان فقروں سے ظاہر ہوتے ہیں۔

www.paknovels.com

فارسی۔ از سر کوئے وفا قدمے نگزری

سبب خفیف سبب ثقیل۔ وتد مفروق ۔ وتد مجموع ۔ فاصلہ صغریٰ۔ فاصلہ کبریٰ۔

وتد۔ سبب۔ فاصلہ سے آٹھوں رکنوں کی ترکیب

۱۔ فعولن وتد مجموع اور سبب خفیف سے مرکب ہے۔

۲۔ فاعلن سبب خفیف اور وتد مجموع سے مرکب ہے۔

۳۔ مفاعیلن ایک وتد مجموع اور دو خفیف سببوں سے مرکب ہے۔

۴۔ مستفعلن دو خفیف سببوں اور ایک وتد مجموع سے مرکب ہے۔

۵۔ مفاعلتن وتد مجموع اور فاصلہ صغریٰ سے مرکب ہے۔

۶۔ متفاعلن فاصلہ صغریٰ اور وتد مجموع سے مرکب ہے۔

۷۔ فاعلاتن ایک وتد مفروق اور دو خفیف سببوں سے مرکب ہے۔

۸۔ مفعولات دو خفیف سببوں اور ایک وتد مجموع سے مرکب ہے۔

آٹھ رکنوں کے نام ذیل کے قطعہ سے ظاہر ہوتے ہیں۔

فعولن فاعلاتن فاعلن مستفعلن دیگر

مفاعیلن مفاعلتن و مفعولات اے اصغر

شود متفاعلن ہشتم ز ارکان عروضی پس

برائے ہشت ارکان قطعہ ہذا یاد کن از بر

www.paknovels.com

قافیہ روی ردیف

قافیہ کے لغوی معنی پیچھے آنے والے کے ہیں اصطلاح میں "قافیہ اُس مجموعہ حروف وحرکات معین کا نام ہے جو غزل وقصیدہ کے مطلع اور مثنوی کے ہر مصرع کے آخر میں اور قطعہ و باقی اشعارِ غزل وقصیدہ کے مصرعہ ثانی کے آخر میں الفاظِ مختلفہ کے اندر مکرر آتے ہیں"۔

مثال فارسی سخاوت کند نیک بخت اختیار سعدی

که مرد از سخاوت شود نیک بختیار

(اختیار و بختیار قافیہ)

مثال اُردو نے بلبلِ چمن نہ گلِ نو دمیدہ ہوں

میں موسمِ بہار میں شاخِ بریدہ ہوں

(دمیدہ بریدہ قافیہ)

مثال عربی اَعِیذُ دَا ضبا حی فَھُوَعِشقِ الکَوَاعِب متنبی

وَرُدُّ دَا رْحَادِیْ فَھُوَالحَبَبُ الحَبَائِبُ

(کواعب و حبائب قافیہ)

حد قافیہ بعضوں کے نزدیک بیت کا پورا آخر کلمہ قافیہ میں داخل ہے۔ بعضوں نے صرف حرف روی کو قافیہ کہا ہے بعض روی کے قبل کے حرف کو بھی قافیہ میں شامل کرتے ہیں۔

ہم قافیہ۔ الفاظ کی یہ چند مثالیں ہیں۔ درد۔ گرد۔ کامل۔ عامل۔

www.paknovels.com

شراب و کباب ۔ منزل مشکل ۔ در بستر ۔ جفا کار و وفادار وغیرہ ۔

حرف روی۔ روا سے نکلا ہے۔ لغت میں اُس رسّی کو کہتے ہیں جس سے اونٹ پر اسباب باندھتے ہیں ۔ اصطلاح میں "اُس حرفِ آخر کو کہتے ہیں جو مصرع یا بیت کے آخر میں واقع ہوا ہو"۔ یہ حرف مکرّر آتا ہے اور قافیہ کی بنیاد اِسی پر ہوتی ہے اور شاعر کو اس حرف کا لانا ضروری ہے ۔

مثال فارسی

کسے را کہ خصلت تکبّر بُود
سرش پُر غرور از تصوّر بُود — کریما

اس میں 'ر' حرف روی ہے ۔

مثال اُردو

مری جانب سے چھائی تم نے کرلی یار پتھر کی
بنائی ہے دلوں کے درمیاں دیوار پتھر کی (سرشار بریلوی)

اس میں 'ر' حرف روی ہے ۔

مثال عربی

اَیَدرِی مَا اَرَابَکَ مَن یُرِیبُ
وَھَل تَرقیٰ اِلَی الاَفلَاکِ الخُطُوبُ

اِس میں 'ب' حرف روی ہے ۔ — متنبی

نوٹ ۔ حروف قوافی چھ ہیں ۔ حرف تاسیس ۔ حرف دخیل ۔ حرف قید ۔ حرف ردف حرف وصل ۔ حرف روی ۔

شعر ۔ حرف تاسیس و دخیل و قید ردف و ہم روی ؛ بعد ازیں حرف وصل می باشد حروف قافیہ

حرف روی ہر قافیہ میں ضرور آتا ہے کیونکہ قافیہ کی بنا اِسی پر موقوف ہے بقیہ پانچ حرفوں میں کبھی ایک کبھی دو کبھی زیادہ 'روی' کے ساتھ آتے ہیں ۔

www.paknovels.com

ردیف۔ لغت میں اُس شخص کو کہتے ہیں جو کسی کے پیچھے سوار ہو۔ اصطلاح میں "اُس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی شعر یا مصرعوں کے آخر میں مکرّر آوے"۔ جیساکہ گذشتہ شعروں میں "بود" اور "پتھر" کی ردیف ہے۔ شعرائے عرب کے یہاں ردیف کا دستور نہیں ہے۔ اس کو شعرائے عجم نے اختراع کیا ہے جس شعر میں ردیف ہو اُس کو مُردّف کہتے ہیں اور جس شعر میں ردیف نہ ہو اُس کو مقفّیٰ کہتے ہیں۔

مثال فارسی مژده ای دل که مسیحا نفسی می آید
که ز انفاس خوشش بوی کسی می آید
(نفسی و کسی قافیہ۔ می آید ردیف)

مثال اُردو ہیں یار رفیق پر مصیبت میں نہیں
ساتھی ہیں عزیز ایک ذلت میں نہیں
(مصیبت اور ذلت قافیہ۔ میں نہیں ردیف)

---

۱ حرف تاسیس اُس الف کو کہتے ہیں جو روی کے پہلے بواسطہ ایک حرف متحرک کے ہو۔ جیسے عامل و کامل میں الف۔ ۲ حرف دخیل اُس حرف کو کہتے ہیں جو حرف تاسیس و حرف روی کے درمیان میں آوے۔ جیسے عامل و کامل میں میم۔ ۳ حرف قید اُس حرف ساکن کو کہتے ہیں جو حرف روی کے ٹھیک پہلے آوے۔ جیسے تخت و بخت میں خ۔ ۴ حرف ردف حرف روی کا پہلا حرف ساکن اگر مدہ ہو تو اُس کو ردف کہتے ہیں جیسے زور و شور میں واو اور کار و بار میں الف۔ چیز و نیز میں ی۔ ۵ حرف وصل اُس حرف کو کہتے ہیں جو حرف روی کے بعد باہم سے ملا پایا جائے۔ جیسے بجھ و تجھ میں ہ۔

شعر گھر بار سے تو نے نسبت کو موڑا کیا جی میں ٹھنی جو سب کو چھوڑا
موڑا اور چھوڑا میں الف وصل ہے۔

www.paknovels.com

بیان بحور

ارکان کو مکرر کرنے سے یا بعض کو بعض سے ترکیب دینے سے اُنیس ۱۹ بحریں ہوتی ہیں۔ اِن اُنیس ۱۹ بحروں میں سات بحریں مفرد ہیں بقیہ بارہ بحریں اِنہیں مفرد بحروں سے مرکب ہوتی ہیں اور اُن کے نام الگ الگ رکھدیئے گئے ہیں۔ اس وجہ سے اُن بحروں کے نام یاد کرنے میں بڑی دِقّت ہوتی ہے۔ میں نے آسانی کے لئے مرکب بحروں کے مرکب نام رکھدیئے ہیں۔ اس طرح صرف سات مفرد اور ایک مرکب بحر یعنی آٹھ بحروں کے نام یاد کرنے ہونگے۔ اُن کی صورت یہ ہے۔

۱۔ بحر ہزج۔ مفاعیلن۔ مفاعیلن۔ مفاعیلن۔ مفاعیلن

۲۔ بحر رجز۔ مستفعلن۔ مستفعلن۔ مستفعلن۔ مستفعلن

۳۔ بحر رمل۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن۔ فاعلاتن

۴۔ بحر متقارب۔ فعولن۔ فعولن۔ فعولن۔ فعولن

۵۔ بحر کامل۔ متفاعلن۔ متفاعلن۔ متفاعلن۔ متفاعلن

۶۔ بحر وافر۔ مفاعلتن۔ مفاعلتن۔ مفاعلتن۔ مفاعلتن

۷۔ بحر متدارک۔ فاعلن۔ فاعلن۔ فاعلن۔ فاعلن

۸۔ بحر مرکب۔ مفعولات اور مستفعلن کی ترکیب سے جو بحریں بنی ہیں۔ اُن کا نیا نام بحر مرکب رکھا گیا۔ اُن کی تین صورتیں ہیں۔

(الف) مستفعلن۔ مفعولات۔ مستفعلن۔ مفعولات

www.paknovels.com

(ب) مفعولات[۲]۔ مستفعلن۔ مفعولات۔ مستفعلن

(ج) مستفعلن[۳]۔ مستفعلن۔ مفعولات۔

۹۔ ہزج۔ رمل یا رمل۔ ہزج۔ (جن کی ترکیب مفاعیلن اور فاعلاتن یا فاعلاتن اور مفاعیلن سے ہو)

ہزج۔ رمل (الف) مفاعیلن[۴]۔ فاعلاتن۔ مفاعیلن۔ فاعلاتن۔

ہزج۔ رمل (ب) مفاعیلن[۵]۔ مفاعیلن۔ فاعلاتن۔ (مسدس)

رمل۔ ہزج (ج) فاعلاتن[۶]۔ مفاعیلن۔ مفاعیلن۔ (مسدس)

۱۰۔ رمل۔ رجز یا رجز۔ رمل۔ (جن کی ترکیب فاعلاتن اور مستفعلن سے یا مستفعلن اور فاعلاتن سے ہو)

رمل۔ رجز (الف) فاعلاتن[۷]۔ فاعلاتن۔ مستفعلن (مسدس)

رمل۔ رجز (ب) فاعلاتن[۸]۔ مستفعلن۔ فاعلاتن (مسدس)

رمل۔ رجز (ج) مستفعلن[۹]۔ فاعلاتن۔ مستفعلن۔ فاعلاتن

۱۱۔ رجز متدارک۔ مستفعلن[۱۰]۔ فاعلن۔ مستفعلن۔ فاعلن (جس کی ترکیب مستفعلن اور فاعلن سے ہو)

۱۲۔ متقارب ہزج۔ فعولن[۱۱]۔ مفاعیلن۔ فعولن۔ مفاعیلن (جس کی ترکیب فعولن اور مفاعیلن سے ہو)

سابق اسماء [۱] بحر منسرح۔ [۲] بحر مقتضب۔ [۳] بحر سریع۔ [۴] بحر مضارع۔ [۵] بحر قریب۔ [۶] بحر مشاکل۔ [۷] بحر جدید۔ [۸] بحر خفیف۔ [۹] بحر مجتث [۱۰] بحر بسیط۔ [۱۱] بحر طویل۔

www.paknovels.com

۱۳۔ رمل متدارک۔ فاعلاتن۔ فاعلن۔ فاعلاتن۔ فاعلن (جسکی ترکیب فاعلاتن اور فاعلن سے ہو)

نوٹ۔ ان بحروں میں سے چار بحروں میں یعنی متقارب۔ رجز۔ رمل اور ہزج میں فارسی اشعار بہت کہے جاتے ہیں اور پانچ بحروں یعنی۔ وافر۔ کامل۔ متقارب۔ ہزج۔ رمل۔ متدارک اور رجز۔ متدارک میں فارسی اشعار بہت کم کہے جاتے ہیں تین بحروں میں یعنی رمل۔ ہزج ہزج۔ رمل۔ رمل۔ رجز۔ میں صرف فارسی اشعار کہے جاتے ہیں۔ عربی کے اشعار نہیں کہے جاتے ہیں۔۔۔۔ متقارب۔ ہزج۔ رمل۔ متدارک۔ رجز مرکب۔ رمل۔ رجز۔ ہزج۔ رمل۔ رمل۔ ہزج اور وافر کی

بحریں اُردو میں اب تک رائج ہو سکیں۔

۱۔ مفرد سالم بحریں

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

(۱) بحر ہزج مثمن سالم

مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

شعر
نہ بحر ہزج از دست بر دل می زند ناخن
مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

۱۳۵۔ بحر مدید

www.paknovels.com

مثال فارسی (۱) بہار آمد کہ از گلبن ہمی بانگ ہزار آید — قاآنی
بہر ساعت خروش مرغ زار از مرغزار آید

(۲) خدایا درپذیر ایں نعرۂ مستانہ مارا — صائب
مکن نومید از حسن قبول افسانہ مارا

مثال اردو (۱) حباب آسا میں دم بھرتا ہوں تیری آشنائی کا — آتش
نہایت غم ہے اس قطرہ کو دریا کی جدائی کا

(۲) ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے — غالب
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

عربی — اَتَیْنَاکُمْ اَتَیْنَاکُمْ فَحَیُّونَا بِلَقْیَاکُمْ — شمس تبریز
وَاَسْقُوْنَا بِسُقْیَاکُمْ خُذُوْا بِاَبْحُوْرِیَا اِخْوَانْ — (منا عیلان)

بحر ہزج مسدس سالم

فارسی — قناعت گنج آبادست گردانی
از و تا می توانی رو نہ گردانی

اردو — وہ اُٹھی اک گئے ہم سے قسم لینے
جو سچ پوچھو قسم لیتے تو ہم لیتے

عربی — لَقَدْ شَاقَتْکَ فِی الْاَحْدَاجِ اَظْعَانٌ کَمَا شَاقَتْکَ یَوْمَ اُبَیْنِ بِہِ ہِیْجَانٌ (مفتہ ارعما)

عــہ۔ احداج جمع حدج۔ اظعان جمع ظعینہ۔ ہودہ نشین عورتیں۔ غربان جمع غراب کوّے۔

www.paknovels.com

بحر ہزج مربع سالم[عـــہ]

فارسی (۱) بقد سروی، گل اندامی — خوشا وقتے کہ بخرامی
(۲) چہ عصیاں دیدہ از من — چرا رنجیدہ از من — شمس

اُردو (۱) ہلالِ عید جاں افزا — دکھائی دے گیا ہر جا — فرمان علی
(۲) بہار آئی ہے اے ساقی — پلا دے مجھ کو اے ساقی

عربی (۱) هَدَرْتَنَا فِي أَغَانِيكُمْ — وَشِئْنَا قِنْتَنَا مَعَانِيكُمْ
(۲) هَجَرْتُمُنَا فِي بِلَادِكُمْ (أَشْهَدْنَا) — فَأَجَبْتُمْ شَوْقَنَا عَطَايَانَا

(۴) بحر رجز مثمن سالم

مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن

شعر
برخیز اے صاحب سخن بحر رجز را یاد کن
مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلن

فارسی (۱) خسرو غریب است و گدا افتادہ در شہر شما — خسرو
باشد کہ از بہر خدا سوئے غریباں بنگری
(۲) ساقی بدہ رطل گراں زاں مے کہ دہقاں پرورد — قاآنی
اندوہ برد غم بشکند شادی دہد جاں پرورد

عـــہ یہ بحر فارسی اور اُردو میں کم مستعمل ہے۔

www.paknovels.com

اُردو (۱) مستی میں لغزش ہوگئی معذور رکھا چاہیے
اے اہلِ مسجد اس طرف آیا ہوں میں بھٹکا ہوا — میر تقی

(۲) دن رات فکر جور میں یوں رنج اُٹھانا کب تلک
میں بھی ذرا آرام لوں تم بھی ذرا آرام لو — مومن خاں

عربی (۱) اِنْ نِلْتِ یَا رِیْحَ الصَّبَا یَوْمًا اِلٰی اَرْضِ الْحَرَمْ
بَلِّغْ سَلَامِیْ رَوْضَةً فِیْهَا النَّبِیُّ الْمُحْتَرَمْ

(۲) اِنْ تَلْقَهُ لَا تَلْقَ اِلَّا قَسْطَلًا
اَوْ جَحْفَلًا اَوْ طَاعِنًا اَوْ ضَارِبًا

(۳) اَوْ هَارِبًا اَوْ طَالِبًا اَوْ رَاغِبًا — متنبی
اَوْ رَاهِبًا اَوْ هَالِکًا اَوْ نَادِبًا

(۳) بحر کامل مثمن سالم

متفاعلن ۔ متفاعلن ۔ متفاعلن ۔ متفاعلن

شعر :- دل من شود ز محن بری تو بہ بحر کامل گو سخن
متفاعلن ۔ متفاعلن ۔ متفاعلن ۔ متفاعلن

مثال فارسی (۱) چہ خجستہ صبح دمے کزاں گل نو رسم خبرے رسد — جامی
ز شمیم جعد ۔ ۔ ش بمشام جاں اثرے رسد

(۲) شنم ست اگر ہوست کشد کہ بہ سیر سرو و سمن درآ — بیدل
تو ز غنچہ کم ندمیدۂ در دل کشا بہ چمن درآ

www.paknovels.com

اُردو (۱) نہیں ہوش والوں پہ کچھ حسد مجھے رشک ہے تو انھوں پہ ہے
جنھیں تیرے جلوے کے سامنے مری طرح بے خبری رہی
راسخ

(۲) کبھی اے حقیقتِ منتظر نظر آ لباسِ مجاز میں
کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں مری جبینِ نیاز میں
ڈاکٹر اقبال

عربی (۱) وَ شَغَلْتَ قَلْبَكَ عَنْ مَعَادِكَ بِالْمُنیٰ ابوالعتاہیہ
وَخَلَعْتَ نَفْسَكَ بِالْهَوٰی وَفُتُونِھَا (مسدس)

(۲) بَلَغَ الْعُلٰی بِكَمَالِهٖ كَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِهٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِهٖ صَلُّوْا عَلَیْهِ وَآلِهٖ

(۴) بحر متقارب مثمن سالم

فعولن۔ فعولن۔ فعولن۔ فعولن

شعر سخن در تقارب بیارا چو گلبن
فعولن۔فعولن۔فعولن۔ فعولن

مثال فارسی (۱) دلا جام و ساقی گل رخ طلب کن حافظ
کہ چوں گل زمانہ بقائے ندارد

(۲) ز شاہد پرستی نشانے ندارد حافظ
مگر زاہد شہر جائے ندارد

www.paknovels.com

اُردو (۱) جو اِس شور سے میرؔ روتا رہیگا — میرؔ
تو ہمسایہ کاہیکو سوتا رہیگا

(۲) بدل کر فقیروں کا ہم بھیس غالبؔ — غالبؔ
تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

(۳) اگر رشکِ گلشن نہ ہو مجھسے باہم تو گلشن میں ہووے یہ مستی کا عالم
چٹکنا ہو غنچوں کا آوازِ نغمہ چمن مجھکو اک وادیِ لق و دق ہو
(سولہ ارکان) ذوقؔ

عربی (۱) ذَلِیلُ الوَرٰی یَا اِلٰهُ دُعَاکَا
رَجَائِیْ عَظِیْمٌ تَهَبْ لِی رِضَاکَا

(۲) اَحُلْمًا نَرٰی اَمْ زَمَانًا جَدِیْدًا عہ — متنبیؔ
اَمِ الخَلْقُ فِی شَخْصِ حَیٍّ اُعِیْدَا

(ب) قلیل الاستعمال بحریں

(۱) بحرِ متدارک مثمن سالم

فاعلن۔ فاعلن۔ فاعلن۔ فاعلن

شعر
خوب گوائے پسر در تدارک سخن
فاعلن فاعلن فاعلن فاعلن

عہ ترجمہ۔ کیا ہم خواب دیکھتے ہیں یا نیا زمانہ ہے یا تمام مخلوق (جو پہلے مرگئی تھی) ایک شخص زندہ میں (یعنی ممدوح میں) لوٹائی گئی ہے۔

www.paknovels.com

فارسی (۱) حُسن و لُطفِ ترا بندہ شد مہر و مہ
خطّ و خالِ ترا مشکِ چین خاک رہ — سیفی

(۲) اے سمن بستہ از تیرہ شب بر قمر
طوطی خطت افگندہ پر بر شکر

اُردو (۱) کیا کروں میں گلا یار نے کیا کیا
دل مرا چھین کر مفت میں لے لیا

عربی (۱) حَیَاءُنَا عَائِشٌ نَمَا لِمَا صِبَالِهَا
بِعِلَّ مَا كَانَ مَا كَانَ مِثْ عَاجِب

(۲) قِفْ عَلَى دَارِ سَلْمَىٰ وَ ابْكِيَنْ بِنَبْتِ أَطْلَالِهَا الْبَالِيَاتِ — معلقہ

(۲) بحرِ وافر مثمن سالم

مفاعلتن۔ مفاعلتن۔ مفاعلتن مفاعلتن

شعر
اگر دل تو شود چہ سخن بہ وا فرازاں بگوئے سخن
مفاعلتن۔ مفاعلتن۔ مفاعلتن۔ مفاعلتن

مثالِ فارسی (۱) چہ شد صنما کہ سوئے کسے بہ چشمِ رضا نمی نگری
ز رہِ جفا نمی گذری طریقِ وفا نمی سپری

(۲)
بیا بنشیں دمے بہ برم من از غمِ تو بصد الم
چو روئے خوشت نمی نگرم چہ حاصل ازینکہ دیدہ ورم

www.paknovels.com

اُردو — نہ ہو تمھیں کوئی فکر اگر، نہ ہو تمھیں کوئی غم تو بجا — شمس تبریزی
مگر یہ بتاؤ غم ہے وہ کیا کہ جس نے تمھیں کیا ہے دوتا

عربی (۱) — إِذَا غَضِبَتْ بَنُو قَوْمِي عَلَى مَلِكٍ — متنبی
عَنَتْ (ذلت) لَهُمُ الوُجُوهُ إِذَا هُمُ غَضِبُوا (مسدس)

(۲) — هِيَ الدُّنْيَا إِذَا كَمُلَتْ
وَتَمَّ سُرُورُهَا خُذِلَتْ (مربع)

(۳) بحر رمل مثمن سالم

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن

شعر — باز در بحر رمل تو کوشش نادر سخن کن
فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن

فارسی (۱) — اے نگارین روئے دلبر زاں مائی — سیفی
رخ نکن پنہاں چوں اندر جان مائی (مسدس)

(۲) — داشتم خوش روزگارے با سر زلف نگارے — سعدی
خوش بود با زلف یارے داشتن خوش روزگارے

اُردو (۱) — قتل عالم کر چکا غمزہ تو بولے — (مسدس)
کیا کیا اے خانماں برباد تو نے

(۲) — ہم ظفر ہیں اس پہ مفتوں خوار و رسوا زار و محزوں دل
وہ یہ مانے یا نہ مانے وہ یہ جانے یا نہ جانے

www.paknovels.com

عربی (۱) رُبَّ لَیْلٍ اَخْجَلَ الانواءَ اِلّا
نوّرَ لَغْبٍ اَوْ مُدامٍ اَوْ نِدامٍ (مسدس)
جمع ندیم

(۲) اِنَّ لَیْلِی طالَ وَاللَّیْلُ قَصِیْرٌ
طالَ حَتّٰی کادَ صُبْحٌ لا یُبْلِیْنِیْہ (مسدس)

۲۔ مرکب سالم بحریں

یہ سب بحریں نادر الاستعمال ہیں

(۱) رجز مرکب

(الف) مستفعلن[1]۔ مفعولات۔ مستفعلن۔ مفعولات
(ب) مفعولات[2]۔ مستفعلن۔ مفعولات۔ مستفعلن
(ج) مستفعلن[3]۔ مستفعلن۔ مفعولات۔

(۲) ہزج رمل یا رمل ہزج

(الف) مفاعیلن[4]۔ فاعلاتن۔ مفاعیلن۔ فاعلاتن
(ب) مفاعیلن[5]۔ مفاعیلن۔ فاعلاتن
(ج) فاعلاتن[6]۔ مفاعیلن۔ مفاعیلن۔

عـ۱ کا پہلا نام بحر منسرح تھا عـ۲ کا بحر مقتضب عـ۳ کا بحر سریع عـ۴ کا بحر مضارع عـ۵ کا بحر قریب عـ۶ کا بحر مشاکل۔

(۳) رمل رجز - یا رجز رمل

(الف) فاعلاتن[ع۶] - فاعلاتن مستفعلن
(ب) فاعلاتن[ع۷] - مستفعلن - فاعلاتن
(ج) مستفعلن[ع۸] - فاعلاتن - مستفعلن - فاعلاتن -

مثال فارسی - چند گویم با من بد مکن بدنگارا بو تازعشقت پیدا گر دو نہانم

(۴) رجز متدارک

مستفعلن[ع۱۰] - فاعلن - مستفعلن - فاعلن

عربی (۱) یَا رَبَّ ذِی سُودَدٍ قُلْنَا لَہٗ مَرَّۃً
اِنَّ الْمَسَاعِی لِمَنْ یَبْنِی بِنَاءَ الْعُلٰی

(۵) متقارب - ہزج

فعولن[ع۱۱] - مفاعیلن - فعولن - مفاعیلن

عربی - (۱) لَکَ الْحَمْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ یَا خَیْرَ مَعْبُوْدٍ
وَیَا خَیْرَ مَسْؤُلٍ وَّیَا خَیْرَ مَحْمُوْدٍ

ع۶ کا بحر جدید ع۷ کا بحر خفیف - ع۸ کا بحر مجتث - ع۱۰ کا بحر بسیط -
ع۱۱ کا بحر طویل -

www.paknovels.com

(۶) رمل متدارک

فاعلاتن ۔ فاعلن ۔ فاعلاتن ۔ فاعلن

عربی (۱) اِنّہ لوذاقَ للحُبِّ طعماً ما ھجر
کلُّ نعتٍ فی الھویٰ اَنتّ منہ فی غُرَر

زحافات

۱۔ مفرد زحافات

کئی کئی زحافات مختلف ارکان پر ایک ہی عمل کرتے ہیں ۔ لیکن نام سب کے جُدا جُدا ہیں ۔ مَیں نے اس قسم کے واحدالعمل زحافات کو یکجا کرکے صرف ایک نام سے موسوم کیا ہے ۔ اس طرح سے بجائے ستائیس مفرد زحافوں کے صرف پندرہ مفرد زحافات رہ گئے ۔

۱۔ اسکان[۱] ۔ کسی حرف کو ساکن کرنا جیسے مفعولاتُ سے مفعولاتْ مُتَفَاعِلُن سے مُتْفَاعِلُن = مستفعلن ۔ مفاعلتن سے مفاعَلْتُن = مَفاعیلُن (مُسکّن[۲])

۲۔ خرم[۳] ۔ کسی رکن کے پہلے حرف کو گرا دینا ۔ جیسے مَفاعِیلُن

---

[۱] وقف ۔ اضمار اور عصب کی جگہ صرف ایک نیا نام اسکان رکھدیا گیا ۔

[۲] جس رکن یا بحر میں یہ زحاف ہوگا اُس کو مسکن کہینگے ۔

[۳] خرم ۔ ثلم اور عضب کی جگہ صرف ایک نام خرم رکھدیا گیا ۔

www.paknovels.com

(۳) رمل رجز۔ یا رجز رمل

(الف) فاعلاتن[۸] ۔ فاعلاتن مستفعلن

(ب) فاعلاتن[۹] ۔ مستفعلن ۔ فاعلاتن

(ج) مستفعلن ۔ فاعلاتن ۔ مستفعلن ۔ فاعلاتن ۔

مثال فارسی ۔ چند گویم با من بد مکن بدنگارا بو تا ز عشقت پیدا گر دو نہانم

(۴) رجز متدارک

مستفعلن[۱۰] ۔ فاعلن ۔ مستفعلن ۔ فاعلن

عربی (۱) یَا رَبِّ ذِی سُودَدٍ قُلْنَا لَهُ مَرَّةً
إِنَّ السَّاعِیَ لِمَنْ یَبْنِی بِنَاءَ الْعُلَی

(۵) متقارب۔ ہزج

فعولن[۱۱] ۔ مفاعیلن ۔ فعولن ۔ مفاعیلن

عربی ۔ (۱) لَکَ الْحَمْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ یَا خَیْرَ مَعْبُودِ
وَیَا خَیْرَ مَسْؤُلٍ وَیَا خَیْرَ مَحْمُودِ

ع۷ کا بحر جدید ع۸ کا بحر خفیف ۔ ع۹ کا بحر مجتث ۔ ع۱۰ کا بحر بسیط ۔
ع۱۱ کا بحر طویل ۔

www.paknovels.com

(۶) رمل متدارک

فاعلاتن ۔ فاعلن ۔ فاعلاتن ۔ فاعلن

عربی (۱) اِنہ لوذاق للحُبِّ طعما ما ھجر
کل عتبٍ فی الھویٰ اَنتَ مِنہُ فی غرر

زحافات

۱۔ مفرد زحافات

کئی کئی زحافات مختلف ارکان پر ایک ہی عمل کرتے ہیں ۔ لیکن نام سب کے جُدا جُدا ہیں ۔ مَیں نے اس قسم کے واحد العمل زحافات کو یکجا کر کے صرف ایک نام سے موسوم کیا ہے ۔ اس طرح سے بجائے ستائیس مفرد زحافوں کے صرف پندرہ مفرد زحافات رہ گئے ۔

۱۔ اسکان[۱] ۔ کسی حرف کو ساکن کرنا جیسے ۔ مفعولاتُ سے مفعولاتْ مُتَفاعِلُن سے مُتْفاعِلُن = مستفعلن ۔ مفاعلتن سے مفاعَلْتُن = مفاعیلن (مُسکّن[۲])

۲۔ خرم[۳] ۔ کسی رکن کے پہلے حرف کو گرا دینا ۔ جیسے مَفاعیلُن

---

[۱] وقف ۔ اضمار اور عصب کی جگہ صرف ایک نیا نام اسکان رکھ دیا گیا ۔

[۲] جس رکن یا بحر میں یہ زحاف ہوگا اُس کو مسکن کہینگے ۔

[۳] خرم ۔ ثلم اور عضب کی جگہ صرف ایک نام خرم رکھ دیا گیا ۔

www.paknovels.com

سے فَاعِیلن = مَفْعُوْلَن ۔ فعولن سے عُولَن = فِعْلُن ۔ مُفاعِلَتن سے فَاعِلَتُن = مفتعلن (اخرم)

۳۔ خَبن[۴] ۔ کسی رکن کے دوسرے حرف کو گرا دینا جیسے فاعلن سے فَعِلُن ۔ فاعلاتن سے فَعِلاتُن ۔ مُستَفعِلَن سے مُتَفعِلُن ۔ مفاعلن مفعولاتُ سے معولاتُ = فعولاتُ ۔ متفاعلن سے مفاعلن (مخبون)

۴۔ طی[۵] ۔ کسی رکن کے چوتھے حرف کو گرا دینا جیسے مستفعلن سے مُسْتَعِلَن = مُفْتَعِلَن ۔ مَفعُولاتُ سے مَفعِلاتُ = فَاعلاتُ ۔ مفاعلتن سے مفالِتن = مفاعلن (مطوی)

۵۔ قبض ۔ کسی رکن کے پانچویں حرف کو گرا دینا ۔ جیسے مَفاعِیلُن سے مفاعلن ۔ فعولن سے فعولُ (مقبوض)

۶۔ کف[۶] ۔ کسی رکن کے ساتویں حرف کو گرا دینا جیسے مفاعیلن سے مَفاعِیلُ ۔ فاعلاتن سے فَاعِلاتُ ۔ مُستَفعِلَن سے مُستَفعِلُ ۔ مفعولاتُ سے مفعولا = مفعولن (مکفوف)

۷۔ حذف[۷] ۔ کسی رکن کے اوّل یا آخر سبب خفیف کو گرا دینا جیسے مفعولاتُ ۔ عولاتُ = مفعولُ ۔ فعولن سے فعو = فَعَل ۔ مفاعیلن سے مفاعی ۔ فعولن (محذوف)

---

[۴] خبن اور وقص کو ملا کر ایک نام خبن رکھ دیا گیا [۵] طی اور عقل کا مجموعہ طی ہے [۶] کف و کسف کا مجموعہ ہے [۷] رفع و حذف کو ملا کر صرف ایک نام حذف رکھ دیا گیا۔

www.paknovels.com

۸۔ ثلم۔ کسی رکن کے آخری وتد کو گرا دینا جیسے مفعولاتُ سے مفعو = فِعْلُن۔ فاعلن سے فا = فَع۔ مستفعلن سے مُسْتَفْ = فِعْلُن۔ متفاعلن سے متفا = فَعِلُن (اصلم)

۹۔ جَبّ۔ مفاعیلن کے دونوں سبب خفیف کو گرا دینا۔ جیسے مفاعیلن سے مفا = فَعُلْ (مجبوب)

۱۰۔ جدع۔ مفعولات کے دونوں سبب خفیف کو گرا دینا اور تُ کو ساکن کر دینا۔ مفعولاتُ = لاتْ = فاعْ (مجدوع)

۱۱۔ قطع[۹] رکن کے آخری حرف کو گرا دینا اور اُس کے قبل کے حرف کو ساکن کر دینا جیسے۔ مفاعیلن سے مفاعیلْ۔ فاعلاتن سے فاعلاتْ یا فاعلان۔ فعولن سے فعول۔ فاعلن سے فاعلْ = فِعْلُن مستفعلن سے مُسْتَفْعِلْ = مفعولن۔ متفاعلن سے متفاعِلْ = فَعِلاتُن (مقطوع)

۱۲۔ تسبیغ[۱۰]۔ کسی رکن کے نون (ن) کے قبل الف بڑھا دینا جیسے مستفعلن۔ فاعلن۔ متفاعلن۔ مفاعیلن۔ فعولن اور فاعلاتن سے مستفعلان۔ فاعلان۔ متفاعلان۔ مفاعیلان۔ فعولان اور فاعلاتان فاعلیان (مسبّغ)

۱۳۔ ترفیل۔ رکن کے آخر میں ایک سبب خفیف بڑھا دینا

---

۸ ثلم و خذذ کو ملا کر صرف ثلم نام رکھ دیا گیا ہے۔ ۹ قصر و قطع کا مجموعہ قطع ہے۔
۱۰ اذالہ اور تسبیغ کو ملا کر تسبیغ نام رکھا گیا۔

www.paknovels.com

جیسے متفاعلن سے متفاعلن+تن = متفاعلاتن[11] ۔ مستفعلن سے مستفعلن+تن = مستفعلاتن فاعلن سے فاعلن+تن = فاعلاتن (مرفل)

۱۴۔ تشعیث ۔ فاعلاتن کو مفعولن بنانا ۔ (مشعث)

۱۵۔ نحر[12] مفعولات اور فاعلاتن یا فعلاتن سے فَع بنانا (منحور)

مُرکّب زحافات

مُرکّب زحافات تعداد میں سولہ ہیں اور ہر ایک کا نام علیحدہ ہے۔ میں نے ان مرکبات کے خاص ناموں کے بجائے اُن کو اُن مفرد زحافوں سے موسوم کیا ہے ۔ جن سے اُن کی ترکیب ہوئی ہے ۔ مثال کے طور پر خرب کو پیش کرتا ہوں ۔ جو کف اور خرم سے مرکب ہے ۔ اب جس بحر میں یہ زحاف ہے اُس کو اخرب نہیں کہا ہے بلکہ اُس کو مکفوف اخرم سے موسوم کیا ہے ۔ اس طرح سے سولہ ناموں کی اور تخفیف ہو گئی ۔ غرض زحافات کی مجموعی تعداد جو تینتالیس[۴۳] تھی اب صرف پندرہ رہ گئی ۔ اب مرکّب زحافات کے ناموں کے لکھنے کی مطلقاً ضرورت نہیں رہی ۔

ع[11] متفاعلن کے نون کو الف سے بدل کر تن بڑھا دیا ۔ اسی طرح سے مستفعلن اور فاعلن میں بھی نون کو الف سے بدل دیا ہے ع[12] نحر اور سلخ اور جبّ کو ملا کر ایک نام نحر رکھدیا گیا ۔

www.paknovels.com

زحاف کی وجہ سے
ارکان کی مختلف صورتیں

۱۔ مفاعیلن۔ مفاعیلُ۔ مفاعیلْ۔ فعولن۔ فعول
مکفوف مقطوع محذوف محذوف یقطوع

مفاعلن۔ فاعلن۔ مفعولن۔ مفعول
مقبوض مقبوض۔اخرم اخرم مکفوف۔اخرم

فعَل۔ فاع۔ فع۔ مفاعیلان۔ مفاعلان
مجبوب۔ اخرم اخرم مسبغ مقبوض مسبغ
مجذوف مجبوب
مقطوع

۲۔ مستفعلن۔ مفاعلن۔ مفاعلُ۔ مستفعلُ۔ فاعلن
مخبون مخبون مکفوف مکفوف محذوف

فعِلن۔ مفتعلن۔ مفعولن۔ فعولن۔ فعَلتن
اصلم مطوی مقطوع مخبون یقطوع مخبون مطوی

مستفعلان۔ مستفعلاتن۔ مفتعلاتن۔ مفاعلان
مسبغ مرفل مطوی مرفل۔ مخبون مسبغ

۳۔ فاعلاتن۔ فعِلاتن۔ فعِلاتُ۔ فعِلاتْ۔ فاعلاتْ
مخبون مخبون مکفوف مخبون یقطوع مکفوف

www.paknovels.com

فاعلات یا فاعلان - فاعلن - فعلن - فعلن - مفعولن
مقطوع محذوف مخبون مقطوع محذوف مشعث مخبون محذوف

مفعولان یا فاعلاتان = فاعلیان - فع - فعلان
مشعث مسبغ مسبغ مسحور - مشعث مقطوع

۴- فعولن فعول - فعول - فعل - فعلن - فعل یا فاع
مقبوض مقطوع محذوف اخرم مقبوض - اخرم

فع - فعلان - فعولان
محذوف مقطوع اخرم اخرم مسبغ مسبغ

۵- فاعلن فعلن - فعلن - فعل - فع - فاعلان - فعلان
مخبون - مقطوع مخبون مقطوع اصلم مسبغ مخبون - مسبغ

فعلان - فاعلاتن
مقطوع مسبغ مرفل

۶- متفاعلن فعلاتن مفاعلن - فعلن - مفعولن - مستفعلن
مقطوع مخبون اصلم مسکن مقطوع - مسکن مطوی

متفاعلن - متفاعلان متفاعلاتن مستفعلن
مسبغ مرفل مسکن

مستفعلاتن
مسکن - مسبغ

www.paknovels.com
Google

۷۔ مفاعلتن۔ مفاعیلن ۔ مفاعیلُ ۔ مفاعلن ۔ فعولن ۔
مسکن ۔ مسکن۔ مکفوف ۔ مطوی ۔ مسکن محذوف

فعولُ ۔ فاعلن ۔ مفتعلن ۔ مفعولن
اخرم مسکن محذوف ۔ اخرم۔مطوی ۔ اخرم ۔ اخرم۔مسکن

۸۔ مفعولاتُ مفعولن ۔ مفعولُ ۔ مفعولاتُ یا مفعولان
مکفوف ۔ محذوف ۔ مسکن

فعولن ۔ فاعلن ۔ فاعْ ۔ فعْ ۔ مفاعیلُ
مخبون مکفوف ۔ مطوی مکفوف ۔ مجدوع ۔ منحور ۔ مخبون

مفاعیلُ ۔ مفعولاتُ ۔ فعِلاتُ ۔ فاعلاتُ ۔ فاعلاتُ
مخبون مسکن ۔ مسکن ۔ مطوی مخبون ۔ مطوی ۔ مطوی مسکن

مفرد مزاحف بحریں

نمبر ۱ بحر ہزج مزاحف

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

(۱) بحر ہزج مسدس محذوف

مفاعیلن ۔ مفاعیلن ۔ فعولن

مثال فارسی (۱) الٰہی غنچۂ امید بکشا ۔ جامی
گلے از روضۂ جاوید بنما

www.paknovels.com

(۲) شب از مطرب کہ دل خوش باد وی را — حافظ
شنیدم نالۂ جاں سوز نی را

اُردو (۱) ہوس کو ہے نشاط کار کیا کیا — غالب
نہ ہو جینا تو مرنے کا مزہ کیا

(۲) بہت کی جستجو اُس کی نہ پایا — میر
ہمیں در پیش ہے اب جی کا کھونا

عربی (۱) ذُنُوْ کالمَوْتِ لَایُدِرِیْ بِبَاکِ — متنبی
بکلی مِنله وَیَمْدِی وَھُوَ صَادِیْ
پیاس بُجھاتا ہے۔ پیاسا

(۲) بحر ہزج مثمن۔ اخرم مکفوف۔ محذوف۔
مفعول۔ مفاعیل۔ مفاعیل۔ فعولن

فارسی (۱) در بند تو زنجیر گرفتار شکستہ — نظیری
زنداں شدہ صد رخنہ و دیوار شکستہ

(۲) اے شیخ مرا راہِ خرابات نمودی — حافظ
می خواست دلم بادہ کرامات نمودی

اُردو (۱) گو ہاتھ کو جنبش نہیں آنکھوں میں تو دم ہے — غالب
رہنے دو ابھی ساغرِ و مینا مرے آگے

(۲) نوبت ہے دل آویز بہت شہر کی اُس کے — میر
آیا نہ کبھو ہمکو خیال اپنے وطن کا

www.paknovels.com

(۳) ہزج مثمن۔ اخرم مکفوف

مَفعُولُ۔ مُفَاعِیلُ۔ مَفَاعِیلُ۔ مَفَاعِیلُ

فارسی (۱) ما مرد شرابیم دکبابیم درِ بابیم — شمس تبریز
ما مسجد و سجادہ و تسبیح چہ دانیم
(۲) شورے شدہ از خواب عدم دیدہ کشودیم
دیدیم کہ باقی ست شب فتنہ غنودیم

اردو — اس رشک مسیحا کا جو کرتا ہے کوئی ذکر — آتش
ہوتا ہے مرا صورت بیمار عجب روپ

عربی — الحمد لمن قلّ رخیصا اوخبا لا
والشکر لمن صوّر حسنا وجمالا — بدری

(۴) بحر ہزج مسدس۔ اخرم مکفوف مقبوض محذوف

مفعولُ۔ مُفاعِلُن۔ فعُولُن

فارسی (۱) امروز نہ شاعرم حکیمم ٭ دانندۂ حادث وقدیمم — فیضی
(۲) اکنوں گلہ از حسب حالم ٭ بشنو کہ چگونہ است قالم — تحفۃ العراقین

اردو (۱) شبنم کے سوا جو رانے والا
اوپر کا تھا کون آنے والا — گلزار نسیم
(۲) بیضاوی صبح کا بیاں ہے ٭ تفسیر کتاب آسماں ہے — مولوی محمد حسین

www.paknovels.com

عربی (۱) وَالعِشقُ یُصبِحُکُم جِہارًا ،، الخُلّانُ لَکُم فَلا تَنساہُ

(۵) ہزج مسدّس مقطوع

مَفاعِیلُن۔ مَفاعِیلُن۔ مَفاعِیل

فارسی (۱) چو کنعان را طبیعت بے ہنر بود
پیمبر زادگی قدرش نیفزود۔ — سعدی

(۲) یکے آہن بدم بے قدر و قیمت
تو ام آئینہ کردی و زدودی — شمس تبریز
(فعولن)

اُردو (۱) شبِ فرقت میں بیتابی سے ہر دم
جلا کرتا ہوں مثلِ شمع کافور
(فعولن)

(۲) محبت کوڑیوں کے ہو اگر مول — آتش
بنی آدم نہ لے یہ دردِ سر مول

(ب) قلیل الاستعمال بحریں

(۱) ہزج مسدّس۔ اخرم۔ مقبوض۔ محذوف

مفعولُن۔ فاعِلُن۔ فعُولُن

فارسی اے بلبل واے ہزار دستان
بر گو صفتِ بہار بر گوی

ع۔ ایک مصرعہ میں فعولن اور دوسرے مصرعہ میں مفاعیل لانا جائز ہے۔

www.paknovels.com

اُردو (۱) کاٹا دن تو تڑپ تڑپ کر، آفت کی رات آئی سر پر — نعیم

(۲) بحر ہزج مسدس۔ اخرم۔ مقبوض۔ مقطوع

مفعولن۔ فاعلن۔ مفاعیلْ

فارسی (۱) جانان مارا مکن دل افگار
ہشدار از آہ تیر بیمار

اُردو (۱) مشکیں زلفوں سے مشکیں کسواؤ
کالے ناگوں سے مجھ کو ڈسواؤ

۳۔ بحر ہزج مثمن۔ مکفوف۔ اخرم

مَفعُولُ مُفاعِیلُن مَفعولُ۔ مَفاعیلُن

فارسی (۱) از بزم جہاں خوشتر و زحور و جناں خوشتر
یک ہمدم فرزانہ وز بادہ دو پیمانہ — اقبال

(۲) اے خفتۂ شب تیرہ ہنگام دعا آمد
وے نفس جفا پیشہ ہنگام وفا آمد — شمس تبریز

اُردو (۱) سر مارنا پتھر سے یا ٹکڑے جگر کرنا
اِس عشق کی وادی میں ہر نوع بسر کرنا — میر

(۲) ٹک گور غریباں کی کر سیر کہ دنیا میں
اِن ظلم رسیدوں پر کیا کیا نہ ہوا ہوگا — میر

www.paknovels.com

عربی — اَلرَّبُّ ھُوَ السَّاقِیْ وَالعَیْشُ بِہٖ الْبَاقِیْ — شمس تبریز
وَ الشَّغَلُ ھُوَ الدَّاقِیْ یَا خَائِفُ لَا تَحْذَرْ

(۴) ہزج مثمن مقبوض۔ اخرم

فاعلن ۔ مفاعیلن ۔ فاعلن ۔ مفاعیلن

فارسی — وقت را غنیمت داں آں قدر کہ بتوانی — حافظ
حاصل از حیات اے جاں یک دم ست نادانی

اُردو — عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا — غالب
درد کی دوا پائی درد لا دوا پایا

(۵) ہزج۔ مثمن۔ مقبوض

مفاعلن ۔ مفاعلن ۔ مفاعلن ۔ مفاعلن

فارسی — فراز خاک و خشتہا دمیدہ سبز کشتہا — قاآنی
چہ کشتہا بہشتہا۔ نہ دہ نہ صد ہزار ہا

اُردو — خزاں کے دن گذر گئے بہار کی ہوا چلی — شمس منیری
بکھر گیا شجر شجر۔ سنور گئی کلی ۔ کلی

(۶) بحر ہزج مثمن محذوف مقبوض

فعولن ۔ مفاعیلن ۔ فعولن ۔ مفاعلن

www.paknovels.com

عربی — اِذَا کَانَ مَلاَحُ فَالنَّسِیبُ اَلمُقَدَّمُ — متنبی
اَکُلُّ فَصِیحٍ قَالَ شِعراً مُتَیَّمُ
فعولن ؔ عاشق

(۳) بحرِ ہزج مثمن۔ مکفوف۔ محذوف

مفاعیلُ۔ مفاعیلُ۔ مفاعیلُ۔ مفاعیل

فارسی — مرا عشق دوتا کرد ہنگام جوانی
چرا باز نہ پُرسی تو ز حالم چو بدانی

نمبر۲۔ بحرِ رجز مزاحف

(الف) کثیر الاستعمال بحریں

(۱) بحرِ رجز مثمن مطوی۔ مخبون

مُفتَعِلُن۔ مَفَاعِلُن۔ مُفتَعِلُن۔ مُفَاعِلُن

فارسی (۱) مُطربِ خوش نوا بگو تازہ بتازہ نوبنو — حافظ
بادۂ دل کشا بجو تازہ بتازہ نوبنو
(۲) زہد بشمافسق ما چوں ہمہ حکم داور ست
داورِ تاں خدائے بس ایں ہمہ چیست داوری — خاقانی

اردو (۱) تا نہ پڑے کہیں خلل آپ کے خواب ناز میں
ہم نہیں چاہتے کہ اپنی شبِ دراز ہیں — مومن

www.paknovels.com

(۲) دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں
روئینگے ہم ہزار بار کوئی ہمیں رُلائے کیوں ؎
غالب

(۲) بحر رجز مثمن مخبون مقطوع

مستفعلن ۔ فعولن ۔ مستفعلن ۔ فعولن

فارسی (۱) دل می رود ز دستم صاحبدلاں خدارا — حافظ
دردا کہ راز پنہاں خواہد شد آشکارا
(۲) اے بلبل سحر خواں مارا بپرس گہ گہ
آخر تو ہم غریبی ہم از دیار مائی — شمس تبریز

اُردو (۱) فصلِ بہار اپنی گذری ہے یوں ہی ساری — مومن
یاں آشیاں بنایا واں آشیاں بنایا
(۲) کیا حال ہے عدم کا کہلا تو بھیجیو تم
اے خوگرانِ غربت سوئے وطن گئے ہو

عربی (۱) أَلعَبلُ لَیسَ یرضیٰ فِی رِقّہٖ شَرِیکًا — شمس تبریز
فالربُّ کیف یرضی فی مُلکہٖ ثَنائی
(۲) قلبی اذا نیادی فی ھمٍّ کُلِّ غمٍّ
ھوّن علیّ فضلاً یا مُظہرَ العجائب
نصر پھلواروی

www.paknovels.com

(۳) بحر رجز مسبغ

مستفعلن مستفعلن مستفعلن مستفعلان

فارسی (۱) یارب چہ شد کان ترک من ترک محبّاں کردہ است
آسودگانِ وصل را رنجور ہجراں کردہ است

(۲) آخر بجانان می رسی اندر طلب مردانہ باش
ترک تعلق پیشہ کن وزخویش ہم بیگانہ باش

اُردو تیری ثنا کب ہو سکے اے خسرو والا نگاہ
اب یہ دعا ہے ذوق کی حق میں ترے شام و پگاہ
جب تک زمیں پر ہے فلک اور ہے فلک پر مہر و ماہ
فرخ ہمیشہ عید ہو تجھ کو شہا با عزّ و جاہ

(ب) نادر الاستعمال بحریں

رجز مطوی

مفتعلن مفتعلن ۔ مفتعلن مفتعلن

فارسی (۱) عاجز و بیچارہ شدم خستہ و آوارہ شدم — شمس تبریز
ہیچ ندانم چہ بود چارۂ ایں کار مرا

(۲) قصد جفا ہا نکنی ور تو کنی با دلِ من — ایضاً
وا دلِ من ۔ وا دلِ من ۔ وا دلِ من ۔ وا دلِ من

www.paknovels.com

عربی — کن ذرَیفا ۔ مُقتوبا ۔ مُمتثِلاً ۔ مُضطرِبا — خمس تبریز
مُنتقِلاً ۔ مُغتبِا ۔ مِثلُ شہاب فی السماء

نمبر۳ ۔ بحر کامل مزاحف

(ب) نادر الاستعمال بحریں

(۱) کامل مثمن مسکن

متفاعلن مستفعلن متفاعلن مستفعلن

فارسی — صنما خیالت را چہ شد کہ بماندارد اُلفتے
تجلم ز واغت کرد و فا بسرم گذاردشتے

اُردو — نہ ہوئی کبھی مجھ سے خطا نہ ہوا کرو مجھ پر خفا
نہ دیا کرو تم گالیاں نہ کیا کرو مجھ پر جفا

عربی — اَوَما تریٰ اَنّ المصائبَ جمّۃٌ
